SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
April 30, 2019

عوام گلیکسی ٹائپنگ جاب کی غیر قانونی سرگرمیوں سے ہوشیار رہیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد(30 اپریل)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے عوام کو آگاہ کیا ہے کہ گلیکسی ٹائپنگ جابز(سنگل ممبر کمپنی)پرائیویٹ لمیٹڈ کی غیر قانونی سرگرمیوں سے ہوشیار رہیں۔ یہ کمپنی عوام کو سرمایہ کاری پر غیر حقیقی منافع کا لالچ دے کر رقوم اکھٹی میں ملوث پائی گئی ہے۔ایس ای سی پی نے اس کمپنی کے خلاف کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 301 کے تحت قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

ایس ای سی پی نے اس کمپنی کے حوالے سے قومی اخبارات میں انتباہ جاری کیا تھا جبکہ اس کمپنی کے خلاف تحقیقات کے لئے کیس متعلقہ اداروں کو بھجوا دیا گیا ہے۔

ایس ای سی پی کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ مذکورہ کمپنی سرمایہ کاری کے نام پر عوام سے رقوم وصول کر رہی ہے ۔ یہ عوام کا انتہائی پرکشش منافع کا لالچ دے کر رقوم وصول کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ یہ غیر قانونی طریقے سے ڈپازٹ اکھٹی کر رہیں ہے اور ایسی سکیموں میں آپ کا سرمایہ ڈوب سکتا ہے۔ واضح رہے کہ ایس ای سی پی نے اس کمپنی کو سرمایہ کاری کے لئے عوام سے رقوم وصول کرنے کا لائسنس ہر گز جاری نہیں کیا ہے۔ اس کمپنی کی ویب سائٹ https://investment.galaxytypingjobs.com/ ہے۔

یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ مذکورہ کمپنی اپنی تشہیر کے لئے اپنے رجسٹرڈ نام کا مخفف جی ٹی جے (GTJ) پرائیویٹ لمیٹڈ کا استعمال کر رہی ہے۔اس تناظر میں عوام کو انتباہ کیا جاتا ہے کہ جی ٹی جے (GTJ) پرائیویٹ لمیٹڈ کے نام سے کوئی کمپنی ایس ای سی پی سے رجسٹرڈ نہیں ہے۔
عوام کو انتباہ کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت پاکستان میں ملٹی لیول مارکیٹنگ، منافع کے حصول کی پانزی یا پیرامڈ سکیموں کی اجازت نہیں او اس طرح کا کوئی بھی کاروبار ممنوع اور خلاف قانون ہے۔ عوام اپنے قیمتی سرمائے کو ان غیر حقیقی سکیموں جن کی تشہیر میڈیا، ویب سائٹ، ای میلز اور موبائل فون کے کے ذریعے بھیجے جانے والے پیغامات سے کی جاتی ہے سے محفوظ رکھیں۔